© rasailojaraid.com



معاملات اور لین دین طے ہو جاتے ہیں جب کہ ہر دو فریق ہزار ہا میل کی دوری پر ہیں ،اسی طرح ایک ملک کا تاجر دوسرے ملک میں LC (سند اعتماد) کھلوا کر کاروبار کرتا ہے، دوسرے ملک کا تاجر مال کا شپمنٹ(shipment) کرتا ہے اور قبل اس کے کہ مال خریدار تک پہنچے خریدار محسوس کرتے ہوئے کہ بازار میں تیزی آچکی ہے اگر میں ابھی اس مال کو فروخت کر ڈالوں تو مجھے زیادہ نفع ملے گا،اس لئے وہ اس مال کو اپنے قبضہ میں آنے سے پہلے ہی جبکہ مال راستے میں ہے فروخت کر ڈالتا ہے،تجارت کی یہ صورتیں کئی سوالات کھڑے کرتی ہیں:

۱۔اتحاد مجلس کی صورتیں: کیا ٹیلیفون ،فیکس اور ای میل کی صورت میں بائع اور خریدار کی مجلس متحد قرار پائے گی اور وہ ایجاب وقبول جس میں اتحاد مجلس ضروری ہے اس صورت میں اس ضروری شرط کے پورا ہونے کی کیا صورت ہے؟

۲۔ قبضہ کی حقیقت کیا ہے؟اور اشیاء کی نوعیت کے مختلف ہونے کی وجہ سے کیا قبضہ کی نوعیت بھی مختلف ہو جائے گی ،چیک یا ڈرافٹ پر قبضہ اصل نقد پر قبضہ تسلیم کیا جائے گا یانہیں؟

۳۔ اگر وہ شے جو خریدی گئی ہے درمیان میں ضائع ہو جائے تو اصل بائع پر اس کی ضمان ہوگی یا درمیان والے اس خریدار پر ضمان ہوگی جس نے اس کو تیسری پارٹی کے ہاتھ فروخت کیا ہے،یا اس تیسری پارٹی کو اس نقصان کو بھگتنا پڑے گا،پس **بیع مالم یقبض** کے ذیل میں **ربح مالم یضمن** کا سوال پیدا ہو جاتا ہے،یعنی ایسا تو نہیں کہ کوئی شخص ایسی چیز سے فائدہ اٹھا رہا ہے جس کے ضائع ہو جانے کی صورت میں اس کے خسارہ اور نقصان کو اسے نہ بھگتنا پڑے۔

مشہور قاعدہ فقہیہ **الخراج بالضمان اور الغنم بالغرم** کا تقاضا یہ ہے کہ اگر کوئی شخص کسی چیز کے ضائع ہو جانے کی صورت میں اس کے نقصان کا ذمہ دار نہیں تو اس سے حاصل ہونے والے فائدہ کا بھی وہ ذمہ دار نہیں۔

یہ اور اس طرح کے کئی وہ سوالات ہیں جن کا حل عہد حاضر کے بہت سے تجارتی مسائل ،مشکلات اور دشواریوں کو حل کرنے کا ذریعہ بن سکتا ہے۔

علماء کرام، سے التماس ہے کہ وہ ایسے مسائل پر علمی مناقشات کا اہتمام کریں ، المجلس الفقہی الاسلامی جو اس مقصد کے لئے قائم ہوئی تھی اگر اس کا وجود باقی ہے تو اسے ایسے جدید مسائل پر غور کر کے ان کا حل پیش کرنا چاہئے ، جدید دور کی بیع قبل القبض کی صورتوں کا کیا شرعی حکم ہے،اور اس کے ذیل میں جو دیگر مسائل پیدا ہوتے ہیں ان کا کیا حل ہے؟

☆فرض وہ فعل ہے جسے کرنے کا حکم اللہ تعالیٰ نے دیا ہو اور جسے جان بوجھ کر ترک کرنا سخت گناہ ہے☆

© rasailojaraid.com